قرآن میں ناسخ ومنسوخ
تصنیف لطیف
مفسر اعظم پاکستان شیخ الحدیث والقرآن
حضرت علامہ
مولانا محمد فیض احمد اویسی رضوی
ناشر
سیرانی کتب خانہ
محکم الدین سیرانی روڈ ماڈل ٹاؤن اے بی نزد سیرانی مسجد بہاولپور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تصنیف لطیف

مفسر اعظم پاکستان شیخ القرآن والحدیث

علامہ محمد فیض احمد اُویسی رضوی نوراللہ مرقدہٗ

باہتمام

صوفی مختار احمد اُویسی

......ناشر......

سیرانی کتب خانہ، محکم الدین سیرانی روڈ بہاولپور

0300-6830592

بسم الله الرحمن الرحیم

نام کتاب ...... قرآن میں ناسخ اور منسوخ

مصنف ...... حضرت علامہ مولانا محمد فیض احمد اُویسی رضوی قادری نوراللہ مرقدہٗ

باہتمام ...... صوفی مختار احمد اُویسی

پروف ریڈنگ ...... حضرت علامہ مولانا مفتی حماد رضا خان قادری اُویسی
دارالعلوم احسن البرکات، شاہراہ مفتی محمد خلیل خان، نزد ہوم اسٹیڈ ہال حیدرآباد سندھ

کمپوزنگ ...... صفدر صابر (کبیروالا) خانیوال

ترتیب وآرائش ...... محمد نوید مختار اُویسی، محمد خورشید مختار اُویسی

سن اشاعت دوم ...... محرم الحرام ۱۴۳۱ھ

صفحات 80

ہدیہ 65

ملنے کا پتہ

سیرانی کتب خانہ بہاولپور	مکتبہ اُویسیہ رضویہ بہاولپور	مکتبہ ضیاء مدینہ بیراج روڈ سکھر
مکتبہ چشتیہ بھیرہ شریف (سرگودھا)	احمد بک کارپوریشن کمیٹی چوک راولپنڈی	مکتبہ نوریہ رضویہ گلبرگ فیصل آباد
مکتبہ فیضان مدینہ رحیم یار خان	مکتبہ قاسمیہ برکاتیہ حیدرآباد	مکتبہ گلزار مدینہ ہوٹل سریاب روڈ کوئٹہ
مکتبہ ضیائیہ اقبال روڈ راولپنڈی	نظامیہ کتاب گھر اردو بازار لاہور	اسلامک بک سنٹر راولپنڈی

فہرست

ناشر

سیرانی کتب خانہ سیرانی مسجد بہاول پور

+92-300-6830592

﴿......وجه تالیف......﴾

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کا کلام ہے تو صاحب کلام کی طرح اس کا کلام بھی عظیم الشان ہے، جس کے سمجھنے کے لیے بہت بڑے علم وفہم والے بھی خود کو کوتاہ اندیش سمجھتے ہیں۔

لیکن افسوس ہے کہ دورِ حاضر میں ہر کوئی دو چار اردو کی کتابیں پڑھ کر ”مفسرِ قرآن“ بن بیٹھتا ہے۔ پھر اپنی کوتاہ اندیشی کے باوجود بہت بڑے ائمہ ومشائخ اور علماءِ محققین ومفسرین کاملین کو تنقید کا نشانہ بناتا ہے۔ کلامِ الٰہی کی ہر بحث بحرِ بیکراں ہے اور الحمد للہ علمائے اہل سنت، متقدمین ومتاخرین نے کسی بحث کو تشنۂ تکمیل نہیں چھوڑا۔ فقیر اپنی اس تصنیف میں بحکم مبلغ اسلام حضرت علامہ سید حمزہ علی شاہ صاحب قادری مدظلہ، خطیب جامع مسجد عالمگیر کراچی، کے حکم سے ناسخ ومنسوخ کی تفصیل وتحقیق عرض کرنا چاہتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ بہت سے بڑے بڑے خود کو محقق کہلوانے والے ناسخ ومنسوخ سے بے خبری کی وجہ سے ہزاروں ٹھوکریں کھاتے نظر آتے ہیں۔ اس کے علاوہ بہت سے بدمذہبوں نے اس بحث کا سرے سے انکار کر دیا ہے۔ حالانکہ اس سے قبل انکار صرف یہود ونصاریٰ اور ملحدین بے دین اور منکرینِ اسلام کو تھا، اب مدعیانِ اسلام بھی اس کا انکار کرنے لگ گئے ہیں۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ

اسلام میں اس کی اہمیت کا اندازہ لگائیے کہ ہمارے اسلاف ائمہ کرام فرماتے ہیں کہ کسی کے لیے جائز نہیں کہ بغیر ناسخ اور منسوخ کی پہچان کے، اللہ کی کتاب کی تفسیر کرے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی سے پوچھا۔

أتعرف الناسخ من المنسوخ؟ قال: لا، قال: هلكت وأهلكت،

ترجمہ: کیا تجھے ناسخ ومنسوخ کی پہچان ہے

اس نے کہا نہیں۔ تو انہوں نے فرمایا۔ ہلکت واہلکت کہ تو خود بھی ہلاک ہوا اور دوسروں کو بھی تو نے ہلاک کیا۔

فائدہ: اس طرح کا واقعہ حضرت ابن عباس کا ایک واعظ کے سامنے ہوا تو آپ نے بھی یہی فرمایا جو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ (رسالہ ابن حزم، اتقان در رسالہ ابن حزم بر تفسیر ابن عباس صفحہ ۳۰۸)

فائدہ: دورِ حاضر میں اکثر نہ صرف علماء، بلکہ خود کو محقق کہلوانے والے اور ڈاکٹر و پروفیسر و وکلاء تو خصوصیت سے اس ہلاکت وتباہی کا نشانہ ہیں کہ ان غریبوں کو ناسخ ومنسوخ کا اکثر حصہ غیر معلوم ہے، بلکہ اکثر بیچارے اس قیمتی علم سے محرومی کی وجہ سے نسخ کا انکار ہی کر دیتے ہیں۔ (معاذ اللہ)

حکایت: حضرت سعید بن ابوالحسن کی ابو یحییٰ سے ملاقات ہوئی ابو یحییٰ چوٹی کے مقرر اور لچھے دار تقریر میں مشہور تھے۔ حضرت سعید سے کہا۔ اے سعید مجھے دیکھ لو اور غور سے دیکھ لو میں وہی ہوں، کہ ایک دفعہ مجھ پر سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا گزر ہوا اور میں کوفہ میں تقریر کر رہا تھا مجھ سے پوچھا تو کون ہے۔ میں نے عرض کی۔ ابو یحییٰ۔ آپ نے فرمایا۔ تو مدعی ہے کہ دیکھ لو میں ایسا ہوں ویسا ہوں وغیرہ۔ لیکن مجھے یہ تو بتا کیا تجھے ناسخ ومنسوخ کا علم ہے؟ میں نے نفی کا جواب دیا، تو فرمایا:

”هلكت واهلكت“ تو نے خود کو ہلاک کیا اور دوسروں کو بھی تباہ وبرباد کیا۔ ما عدت بعد ذلك اقص على احد

ترجمہ۔ اس کے بعد میں نے کوئی تقریر نہیں کی۔ اور فرمایا میرے لیے یہی بہتر ہے۔

(رسالہ ابن حزم)

فائدہ: رسالہ ابن حزم میں ہے کہ حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں سئل حذیفۃ عن شئی فقال انما یفتی احد ثلاثۃ من عرف الناسخ والمنسوخ .قیل من یعرف ذلک فقال عمر. او سلطانٌ فلا یجد من ذلک بدا او رجل متکلف.

ترجمہ: کہ دریافت کیا گیا حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے کسی چیز کے بارے میں تو آپ نے فرمایا۔ تینوں میں سے ایک ہی فتویٰ دے سکتا ہے۔ ۱۔ جو ناسخ ومنسوخ جانتا ہے عرض کی گئی وہ کون ہے؟ فرمایا عمر، ۲۔ یا سلطان (بادشاہ)، ۳۔ اس فنِ ناسخ ومنسوخ کا ماہر۔

(رسالہ ابن حزم)

فائدہ: میری بدگمانی نہیں حقیقت ہے کہ اکثر مفتی حضرات ناسخ ومنسوخ کے فن سے فارغ ہیں، اس لئے کتب فتاویٰ سے کما حقہ اخذ بیانی نہیں کر سکتے اور فتویٰ دینے اور لکھنے میں غلطی کرتے ہیں۔

﴿......کاش آج علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ ہوتے......﴾

حضرت امام القاضی محمد بن عبداللہ بن علی العامری الاسفری رحمۃ اللہ علیہ اپنے رسالہ الناسخ والمنسوخ میں لکھتے ہیں کہ سیدنا علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ جامع مسجد کوفہ میں تشریف لے گئے۔ ایک آدمی کو دیکھا کہ اسے لوگوں نے گھیرا ہوا ہے اور اس سے آیاتِ قرآنیہ کی تفسیر کے سوالات کر رہے ہیں، اور وہ انہیں تفسیری جوابات دے رہا ہے، اور وہ سیدنا ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کا شاگرد تھا۔ آپ نے اس سے پوچھا اتعرف الناسخ والمنسوخ من القرآن؟ کیا تو قرآن کا ناسخ ومنسوخ

جانتا ہے؟ عرض کی نہیں۔ آپ نے فرمایا۔

"ھلکت واھلکت" تو خود بھی ہلاک ہو گیا دوسروں کو بھی ہلاک کر رہا ہے۔ اس کے بعد فاخذا ذنیہ وفتلھما فتلا شدیدًا وقال لہ لا تقصص ولا تواعظ فی مسجد نا ھذا بعد۔ پھر آپ نے اس کے دونوں کان پکڑ کر انہیں سختی سے مروڑا ۔یعنی سخت گوشمالی فرما کر ارشاد فرمایا کہ آئندہ ہماری اس مسجد میں وعظ نہ کرنا۔

حکایت: یونہی حضرت ابن عباس وابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے منقول ہے کہ انہوں نے بھی ایک ایسے شخص کو وعظ اور تفسیر القرآن سے روکا جو ناسخ ومنسوخ سے بے خبری کا اظہار کر رہا تھا۔

☆......تاکید برائے نسخ......☆

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ لا یحل لا حد ان یعظ الناس ویفسر القرآن الا ان یکون عالمًا بالناسخ والمنسوخ۔

ترجمہ: کسی کو جائز نہیں کہ وہ لوگوں کو وعظ سنائے اور قرآن کی تفسیر بیان کرے، سوائے اس کے، جو جاننے والا ہو علم ناسخ اور منسوخ کا (جب تک علم ناسخ ومنسوخ کا عالم نہ ہو جائے)

فائدہ: یہ واقعات لکھ کر حضرت الامام القاضی محمد بن عبداللہ الاسفری رحمہ اللہ لکھتے ہیں کہ "ولا یخالف لھولاء الصحابۃ فصار ذلک اجماعًا منھم انہ لا یحل لا حد ان یفسر القرآن ویعظ الناس الا بعد ان یعرف الناسخ و المنسوخ"

ترجمہ:۔ ایسے جلیل القدر صحابہ کی مخالفت جائز نہیں، اور اس سے ثابت ہوا کہ صحابہ کا اجماع ہے کہ ناسخ ومنسوخ کے علم کے بغیر کسی کو جائز نہیں کہ وہ قرآن کی تفسیر بیان کرے یا وعظ وتقریر کرے۔

مَسْئَلہ:۔ ان تصریحات وحکایات صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے ثابت ہوا کہ مفسر ودیگر اہلِ علم کو ناسخ ومنسوخ کا علم حاصل کرنا واجب ہے، اس علم کے بغیر اگر کوئی قرآن مجید کی تفسیر یا قرآنی احکام بیان کرے تو مجرم ہے۔ اس فن کو حاصل کرنا ضروری ہے۔ زیادہ نہ سہی جو تصانیف اس موضوع میں مطبوعہ یا غیر مطبوعہ ہیں ان میں سے کسی کا مطالعہ کر کے اس کے قوانین ومسائل اور اصول واحکام خوب یاد کرے۔

چند تصانیف یہ ہیں۔

١۔ "اتقان" للسیوطی باب الناسخ والمنسوخ۔

٢۔ تفسیر احمدی پارہ ١۔

٣۔ رسالہ ابن حزم

٤۔ رسالہ قاضی محمد بن عبداللہ اسفری۔ ایسے ہی دوسری تفاسیر زیر آیت مَا نَنْسَخْ

٥۔ تصنیفِ اُویسی "القول الراسخ فی تحقیق المنسوخ والناسخ"

٦۔ قصیدہ نخبہ للسیوطی مع شرح اویسیہ،

اور مندرجہ ذیل علمائے کرام نے اپنی تصانیف میں محققانہ ابحاث لکھی ہیں۔

١۔ ابوعبیدہ قاسم بن سلام   ٢۔ ابوداؤد سجستانی،

٣۔ ابوجعفر نحاس،   ٤۔ ابن الانباری مکی

٥۔ ابوبکر ابن العربی مالکی وغیرہم رحمہم اللہ تعالیٰ۔

حضرت امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ "اتقان" کی نوع نمبر ٤٧ جلد دوم میں لکھتے ہیں کہ اس موضوع پر بے شمار علماء کرام نے مستقل کتابیں لکھی ہیں۔
بہر حال اہلِ علم کے لیے ضروری ہے کہ وہ ناسخ ومنسوخ کی بحث کو خوب سمجھے تاکہ اسلام بیان کرنے میں غلطی نہ ہو۔

......اسلاف اور علم النسخ ......

دور سابق میں نسخ کے موضوع سے اتنا دلچسپی تھی کہ خواتین تک کو اس فن میں مہارت کاملہ حاصل تھی، یہاں تک کہ ایسی خواتین بہت بڑے ائمہ کو تحقیق کے میدان میں پیچھے چھوڑ جاتی تھیں۔

حکایت:۔ حضرت امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ امام ہبۃ اللہ بن سلامہ العزیز رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ (سورہ دہر آیت ٨ پارہ ٢٩) میں آخری لفظ اسیرا حکما منسوخ ہے، اور اس سے مشرکین کا اسیر (جنگی قیدی) مراد ہے۔ اس پر آپ کی صاحبزادی نے کہا بابا آپ نے صحیح نہیں فرمایا۔ اس لئے کہ اجماع المسلمین ہے کہ جنگی قیدی اگرچہ کافر ومشرک ہو اس کو کھانا کھلانا چاہئے اسے بھوکا چھوڑنا برا ہے۔ امام ہبۃ اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا صَدَقْتِ، بیٹی تو نے سچ کہا۔

(اتقان فی علوم القرآن)

غور فرمایئے کہ خاتون کو علمِ ناسخ ومنسوخ میں کتنا مہارت تھی کہ ایک بہت بڑے امام، اور وہ بھی اپنے والد گرامی رحمۃ اللہ علیہ، کو ٹوک دیا۔ اور امام ہبۃ اللہ کی حق

شنوائی کو بھی داد دینی چاہئے کہ بٹی کے غلطی کی نشاندہی پر تحسین وآفرین فرمائی۔ اس سے دور حاضر کے بعض علماء سوچیں کہ وہ کس زعم میں ہیں کہ انہیں حق بات پر ٹوکا جائے تو نہ صرف ناراض ہوتے ہیں، بلکہ زندگی بھر ٹوکنے والے کے جانی دشمن بن جاتے ہیں، نہ صرف خود بلکہ اپنے تمام لاؤلشکر کا سارا زور ٹوکنے والے کے خلاف لگا دیتے ہیں۔

فائدہ: اس قسم کے بے شمار واقعات دور سابق میں پائے جاتے ہیں کہ جن سے ناسخ ومنسوخ سے بے خبر کی خوب سرزنش ہوتی تھی بلکہ اس کی لاعلمی کے اظہار پر اسے وعظ وتقریر اور فتوئی نویسی ودیگر اہم عہدوں سے ہٹا دیا جاتا تھا۔ دور حاضر کی لاابالی اور آزاد خیالی کی زبوں حالی زوروں پر ہے، کہ اردو کی دو چار کتابوں کے پڑھ لینے پر، رازی وغزالی کو بھی تصور تک نہیں لاتا، قدرت بھی ایسوں کو رسہ دیتی ہے کہ وہ مالی وفرت اور جاہلوں کی اقتداء کی کثرت سے نوازا جاتا ہے۔ ہر اہل حق کو عسرت اور تنگدستی اور وسائل کی کمی پیدا کر کے دونوں کو امتحان میں ڈال دیتا ہے۔ پھر کرشمہ قدرت کے نظارے خوب ہوتے ہیں۔ اس کے بعد چند دنوں میں باطل مٹ کر رہ جاتا ہے اہل حق کا تا قیامت بول بالا رہتا ہے۔ کچھ آج کل ہمارے ساتھ یوں ہی ہو رہا ہے۔

فقیر کو بیرون ملک جانا ہوا تو کسی نے طعن کے طور کہا کہ تم آئے ہو کسی نے سونگھا تک نہیں، فلاں صاحب تشریف لائے ان کی خوب آؤ بھگت ہوئی، اور درجنوں پروفیسروں، ڈاکٹروں بلکہ بڑے بڑے افسروں نے ان کے لیے آنکھیں بچھائیں اور دعوتیں دیں وغیرہ۔ فقیر نے کہا یہی شکایت مجھے بھی ہے، لیکن میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ارشاد پڑھ کر خود کو تسلی دیتا ہوں انہوں نے فرعون کا ٹھاٹھ باٹھ دیکھ کر اللہ تعالیٰ سے عرض کی۔

رَبَّنَآ اِنَّكَ اٰتَیْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلَاَهٗ زِیْنَةً وَّاَمْوَالًا فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا رَبَّنَا لِیُضِلُّوْا عَنْ سَبِیْلِكَ

ترجمہ: اے رب ہمارے تو نے فرعون اور اس کے سرداروں کو آرائش اور مال دنیا کی زندگی میں دیئے اے رب ہمارے اس لئے کہ تیری راہ سے بہکا دیں۔

اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو تسلی دی کہ صبر کیجئے ایک مدت کے بعد فرعون کا تمام سرمایہ تمہیں عطا ہوگا۔ فقیر نے کہا میں بھی موسیٰ علیہ السلام کی اتباع کرتا ہوں۔

بہر حال فقیر نے یہ رسالہ علمائے کرام کے لیے خصوصا اور عوام وطلباء کے لیے عموما تحقیقی طور پر لکھا۔ اس کا مطالعہ کر کے علمی اضافہ فرمائیں خدا کرے فقیر کی یہ کاوش بارگاہِ حق میں قبول ہو اور ناشر اور فقیر کے لیے توشہ راہ ہو۔ آمین۔

اس رسالہ کی ترتیب وتدوین اور دلکش اشاعت کا سہرا "سیرانی کتب خانہ" کے سر ہے۔

مدینے کا بھکاری

الفقیر القادری ابوالصالح محمد فیض احمد اویسی رضوی

بہاول پور پاکستان

☆......مقدمہ......☆

صرف قرآنِ مجید کے الفاظ کا ترجمہ پڑھنے کا نام قرآن فہمی نہیں، اس طرح سے تو بعض اوقات انسان گمراہ ہوجاتا ہے۔ خود قرآنِ پاک کا اعلان ہے۔

يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا

ترجمہ:۔ اللہ گمراہ کرتا ہے اس (قرآن) سے بہت ساروں کو اور ہدایت کرتا ہے اس (قرآن) سے بہت ساروں کو۔

اسی لئے ضروری ہے کہ اس کے سمجھنے سے پہلے علوم اسلامیہ مکمل طور پر سمجھ لینے چاہئے۔ ورنہ قرآن مجید سے ہی گمراہ ہوجانا بعید نہیں۔ شیخ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ علم تفسیر قرآن فہمی کے لیے پڑھنا واجب، اور علمِ تفسیر کو سمجھنے کے لیے پندرہ علوم کا حفظ لازم ہے، ان پندرہ علوم کی تفصیل وتحقیق فقیر نے "احسن البیان فی اصول تفسیر القرآن جلد اول" میں لکھ دی ہے۔ یہاں ناسخ ومنسوخ کی مناسبت سے عرض ہے کہ قرآنی آیات دو قسم پر ہیں۔

﴿۱﴾......محکم ﴿۲﴾......متشابہ

اور ان دونوں کی تصریح وتشریح قرآن مجید نے خود بتائی ہے چنانچہ خود فرمایا۔

هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰيٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ

وہی ہے جس نے تم پر یہ کتاب اتاری۔ اس کی کچھ آیتیں صاف معنی رکھتی ہیں۔ وہ کتاب کی اصل ہیں اور دوسری وہ ہیں جن کے معنی میں اشتباہ ہے۔

(پارہ۳ آل عمران)

یعنی آیات دو قسم ہیں۔ ﴿۱﴾......متشابہات۔ ﴿۲﴾......محکمات

یہی آیات عوام کے احکام سے تعلق رکھتی ہیں اسی لیے انہیں ام الکتاب، کتاب کی اصل کہا گیا ہے۔

فائدہ: امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ اسی تقسیمِ قرآنی کی مزید وضاحت فرماتے ہیں کہ آیات قرآنیہ کی تین قسمیں ہیں۔

۱۔مطلقاً محکم ۲۔مطلقاً متشابہ ۳۔من وجہ محکم اور من وجہ متشابہ

اللہ تعالیٰ کی صفات کی آیات متشابہ کی قسم میں داخل ہیں مثلاً النفس، عین، ید، الساق، الجنب، القریب، محی، عند، معیت وفراغت کا اطلاق وغیرہ۔ اسی طرح سورتوں کے اوائل یعنی حروف مقطعات بھی متشابہ میں داخل ہیں۔ مثلاً علیہ السلام، المٓصٓ، الٓرٰ، حٰمٓ وغیرہ۔ اگرچہ مفسرین نے انکے کچھ معانی بتائے ہیں لیکن بالآخر فیصلہ یہی فرمایا، اللہ ورسولہ اعلم۔

اس بحث کو فقیر نے ازالۃ الشبہات فی الآیات المتشابہات میں تفصیل وتحقیق سے عرض کردی ہے۔

فائدہ: نسخ کو متشابہات سے کوئی تعلق نہیں اس کا تعلق صرف آیات محکمات سے ہے۔ اور وہ بھی چند قوانین وشرائط کے مطابق، جن کی تفصیل وتحقیق ہم آگے چل کر عرض کریں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

......نسخ کی لغوی تحقیق......

نسخ کئی معانی میں آتا ہے۔

1۔تحویل۔اس کی مثال میں امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ جیسے حوادیث کا تناسخ، ایک شخص سے دوسرے شخص کی جانب تحویل میراث۔

2۔ازالہ۔یعنی زائل کرنے کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ

تو مٹا دیتا ہے اللہ اس شیطان کے ڈالے ہوئے کو پھر اللہ اپنی آیاتیں پکی کر دیتا ہے۔

سوال:۔ ماالفرق بین الازالة والتحویل ازالہ وتحویل میں کیا فرق ہے؟

جواب:۔ ازالہ کہتے ہیں شئے کی حقیقت کو مٹا دینا اور تحویل کہتے ہیں کہ ایک شئے کی حقیقت کو بحال رکھ کر ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا۔ یہ دو طریقوں پر ہے۔

ا۔منقول عنہ میں شئے کے نشان باقی نہ رہیں جیسے نسخ الشباب جوانی کا ختم ہو جانا یا نسخت الشمسُ الظلُّ دھوپ نے سایہ کو مٹا دیا۔

۲۔شئ کی حقیقت منقول عنہ میں باقی ہو اور منقول الیہ میں بھی جیسے نسختُ الکتاب میں نے کتاب لکھی۔

3۔نقل یعنی ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے اور اسی سے ہے نسخت الکتاب اذا نقلت ما فیه حاکیا للفظه وخطه میں نے کتاب کا نسخہ تیار کیا۔ یہ اس صورت میں بولا جاتا ہے کہ جب کتاب کے لفظ اور طریقہ خط دونوں کی بجنسہ کو دوسری جگہ نقل کیا جائے۔ وھذا الوجه لا یصح ان یکون فی القرآن ۔اور اس وجہ کا کتاب اللہ میں پایا جانا درست نہیں۔

4۔تبدیل کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

علیہ السلام اور جب ہم ایک آیت کی جگہ دوسری آیت بدلیں۔

5۔رسالہ ابن حزم میں ہے کہ نسخ دوسری جگہ منتقل کرنے کا نام ہے اور طریقت میں ابطال شئی واقامة آخر مقامه ایک شئے کو مٹا کر دوسری شئے کو اس کے قائم مقام کھڑا کرنا۔ حدیث شریف میں ہے۔

مامن نبوة الا وتنسخها فترة ۔کوئی ایسی نبوت نہیں جسے فترت نسخ نہ کرتی ہو، یعنی ہر نبوت کے بعد فترت کا ہونا ضروری ہے خواہ تھوڑی مدت ہی سہی۔ اسی سے ہے۔

نسخ الشیب الشباب بڑھاپے نے شباب کو منسوخ کیا

ایسے ہی کہا جاتا ہے۔ نسخت الشمسُ الظلُّ، دھوپ نے سایہ ہٹایا۔

ایسے ہی کہتے ہیں۔

نسخت الریحُ الدیارَ ۔آندھی نے گھر مٹا ڈالے۔ مزید لکھنے ضرورت نہیں کیونکہ فقیر نے اس سے قبل بہت کچھ لکھ دیا ہے۔

......نسخ کا شرعی معنی......

اما النسخ فی الاصطلاح فھو رفع الحکم الشرعی بدلیل شرعی متاخر.

ترجمہ۔حکمِ شرعی کے تعلق کو بعد میں آنے والی دلیلِ شرعی سے اٹھا دینے کا نام نسخ ہے

(الناسخ والمنسوخ للسدوسی)

......باب اول ......

......﴿قواعد﴾......

ا۔نسخ خطاب کے ساتھ ہوتا ہے۔یہی وجہ ہے کہ یہ سلسلہ حضور ﷺ کی ظاہری زندگی تک رہا۔

۲۔نسخ، حکم شرعی میں ہوتا ہے اخبار، قصص، عقلیات میں نہیں۔

۳۔ناسخ، منسوخ کے بعد ہوتا ہے، کبھی نسخ، منسوخ پر عمل کرنے سے پہلے ہو جاتا ہے جیسے آپ علیہ السلام اور پچاس نمازیں۔مزید تفصیل آگے آئے گی۔ ان شاء الله .

فائدہ: علماء کا قول ہے کہ قرآن مجید میں کوئی ایسا ناسخ نہیں کہ ترتیب قرآنی میں منسوخ سے پہلے آیا ہو سوائے دو آیتوں کے۔

ا۔ سورۃ البقرہ میں آیتِ عدت ۔ ۲۔ سورۃ الاحزاب میں لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ ان کے علاوہ بھی بعض علماء نے بیان کی ہیں جسے امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اتقان میں بیان فرمایا ہے [1] اس میں خصوصیت سے کوئی فائدہ مرتب نہیں اسی لیے ہم اسے نہیں لکھ رہے۔

قاعدہ: قرآن مجید میں جتنے مقامات پر کفار کے ساتھ نرمی کا حکم واقع ہوا وہ آیتِ "سیف" سے منسوخ ہے۔آیت السیف یہ ہے علیہ السلام وَجَدْتُمُوْهُمْ وغیرہ علیہ السلام مشرکوں کو جہاں پاؤ قتل کردو۔اس قسم کی، تمام سختی کی آیات سے، آیت السیف مراد ہے مثلاً

يَاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ

علیہ السلام وغیرہ۔اس قسم کی آیات سے نرمی کی ایک سو چودہ آیات منسوخ ہوئیں۔

انتباہ: ۔صلح کلی قسم کے لوگ منسوخہ آیات واحادیث سے گمراہ ہو رہے ہیں، اور دوسروں کو بھی گمراہ کر رہے ہیں مثلاً کہتے ہیں کہ حضور سرورِ عالم ﷺ دشمنوں سے نرمی کرتے تھے۔دشمنوں کو چادر بچھا کر دیتے۔دشمن گالی دیتے تو آپ دعائیں دیتے وغیرہ وغیرہ۔یہ تمام مضامین کفار کے لیے اس وقت تک تھے جب آیات السیف نازل

[1] ۔الاتقان نوع نمبر ۴۷ صفحہ ۲۴۔

نہ ہوئیں ان کے نزول کے بعد وہ سلسلہ باقی نہ رہا جو پہلے تھا۔

قاعدہ: ناسخ آیت بھی منسوخ ہو سکتی ہے، اس کی مثال لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ہے کہ یہ اُقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ سے منسوخ ہوا۔ اور یہ ناسخ علیہ السلام سے منسوخ ہو گیا۔

قاعدہ: نسخ کے بارے میں ضروری ہے کہ کسی ایسی صریح نقل کی طرف رجوع کیا جائے، جو رسول اللہ علیہ السلام سے ثابت ہو یا کسی صحابی سے منقول ہو اور یوں صراحۃً ہو کہ فلاں آیت نے فلاں آیت کو منسوخ کیا ہے۔

فائدہ: یہ حقیقی منسوخ کے متعلق ہے۔یہی وجہ ہے کہ جن حضرات نے صرف اسی قاعدہ کو مدِ نظر رکھا ہے ان کے نزدیک محض چند آیات منسوخ ثابت ہیں۔

قاعدہ: جب تعارض پایا جائے تو تاریخ کا علم ضروری ہے تاکہ متقدم ومتاخر کی شناخت ہو سکے۔اسی سے ہم نے مخالفین کے ایک سوال کا رد کیا ہے جب کہ انہوں نے حضور سرورِ عالم علیہ السلام کے علم کی نفی میں آیت لَا تَعْلَمُهُمْ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ (اے نبی علیہ السلام تم منافقین کو نہیں جانتے ہم انہیں جانتے ہیں) پیش کی تو ہم نے تاریخ سے ثابت کیا کہ سورۃ محمد کی آیت فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ الْقَوْلِ

(تم انہیں علامت سے پہچانتے ہو اور تم ان کی گفتگو سے انہیں سمجھ جاتے ہو کہ منافقین ہیں) پہلی آیت کے بعد نازل ہوئی ہے

(تفسیر جمل وحاشیہ جلالین)

یاد رہے کہ اس میں آیتِ ثانیہ آیتِ اول کے اجمال کی تفصیل ہے نہ کہ ناسخ۔

قاعدہ: نسخ کے بارے میں عام مفسرین کا قول بلکہ مجتہدین کا اجتہاد بھی بغیر صحیح نقل اور بلا کسی واضح معارضہ کے قابل قبول نہ ہوگا، کیونکہ نسخ ایسے رفع حکم کو شامل ہوا کرتا ہے جس کا تقرر حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے زمانہ اقدس میں ہو چکا ہے تو اس میں نقل صحیح، اور تاریخ صریح ہی اعتماد کے لائق ہے نہ کہ اجتہاد ورائے۔

فائدہ: بعض تفاسیر میں مفسرین کی مختلف آراء منقول ہوتی ہیں۔

۱۔ متشددین تو مذکورہ بالا شرائط سے سر مو نہیں ہٹتے اسی لیے بہت سی آیات کے نسخ کا انکار کر دیتے ہیں۔

۲۔ نرم گوشہ والے تو ہر عام سے خاص اور مطلق سے مقید اور استثناء وغیرہ کو منسوخ سے تعبیر کرتے ہیں، اسی لئے ان کے نزدیک نسخ کا دائرہ وسیع ہے امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے لئے فیصلہ فرماتے ہیں کہ صحیح صورت دونوں گروہوں کے خلاف ہے جس کا خلاصہ فقیر کے رسالہ "استثناء کو مجازاً نسخ کہہ سکتے ہیں" میں ہے (والعلم عند اللہ)

قاعدہ: نرمی کی کل آیات ۱۱۴، اور اڑتالیس سورتیں یہ ہیں۔ البقرہ، آل عمران، نساء، انعام، اعراف، انفال، توبہ، یونس، ہود، رعد، الحجر، النحل، اسرائیل، مریم، طٰہٰ، حج، المؤمنون، النور، قصص، عنکبوت، روم، لقمان، السجدہ، احزاب، سبا، فاطر، صافات، ص، الزمر، المومن، السجدہ، حم عسق، زخرف، دخان، جاثیہ، احقاف، محمد، مزمل، دہر، طارق، غاشیہ، التین، کافرون۔ آیات کی تفصیل آئے گی ان کی ناسخ "آیاتِ سیف" ہیں۔

قاعدہ: بعض ناسخ ایسے تھے کہ منسوخ پر عمل سے پہلے ہی نازل ہو جاتے، جیسے آیتِ نجویٰ۔

بعض ایسے بھی تھے کہ جن کے لیے کئی سال گزر جاتے مثلاً یہ آیت کہ علیہ السلام کا نزول ابتدائے اسلام میں ہوا لیکن اس کا نسخ سورۃ الفتح لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ، تیرہ سال بعد یعنی سال حدیبیہ میں ہوا۔

فائدہ: اس آیت کے نسخ کی بحث میں تفصیل آئے گی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

فائدہ: وقوع نسخ صرف امر اور نہی میں ہوتا ہے، چاہے اوامر اور نواہی بلفظ خبر کے ساتھ آئیں یا امر اور نہی کے ساتھ، مگر جو خبر طلب کے معنی میں نہیں ہوتی تو اس میں نسخ بھی نہیں ہوگا اور وعد اور وعید اسی قبیل سے ہیں۔

سوال: بعض علماء نے تو اخبار اور وعید و وعد کی آیات میں نسخ مانا ہے۔

جواب: اس کے جواب میں امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ

واذا عرفت ذالک عرفت فساد وضع من ادخل فی کتب النسخ کثیرا من آیات الاخبار والوعد والوعید۔ [1]

لہذا اس بات کو سمجھنے کے بعد آپ کو بخوبی علم ہو جائے گا کہ جن علماء نے نسخ کی کتابوں میں بہت سی اخبار وعد اور وعید کی آیاتیں داخل کر دی ہیں انہوں نے کیا کیا ہے۔

مسئلہ: نسخ کی کئی قسمیں ہیں۔

۱. أحدها: نسخ المأمور قبل امتثاله. وهو النسخ على الحقيقة كآية النجوى.

---

[1] الاتقان فی علوم القرآن النوع ۴۷ جلد ۲ صفحہ ۲۱

ایک وہ نسخ ہے کہ مامور بہ کا نسخ، اس کی بجا آوری سے پہلے کر دیا گیا ہو، اس کی مثال ہے آیتِ نجویٰ ہے اور یہی حقیقی نسخ ہے۔

۲۔الثانی :نسخ مما کان شرعاً لمن قبلنا کآیة شرع القصاص والدیة، او کان امر به امراً إجمالیاً کنسخ التوجه إلی بیت المقدس بالکعبة وصوم عاشوراء برمضان، وإنما یسمی هذا نسخاً تجوزاً .

یعنی وہ منسوخ حکم جو ہم سے پہلے کی امتوں پر نافذ اور مشروع تھا اس کی مثال مشروعیتِ قصاص اور دیت ہے۔

فائدہ: اسے نسخ سے تعبیر کیا جائے۔ یا یوں کہو کہ دراصل یہ بات تھی کہ اس امر کا حکم مجمل طور پر دیا گیا تھا، جیسے بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے کا حکم، خانہ کعبہ کی طرف منہ کرنے سے، اور عاشورہ کے روزے ماہ رمضان کے روزوں سے منسوخ ہو گئے اور اس کو نسخ کے نام سے مجازی طور پر موسوم کرتے ہیں۔

۳۔الثالث :ما أمر به لسبب ثم یزول السبب، کالأمر حین الضعف والقلة بالصبر والصفح ثم نسخ بإیجاب القتال، وهذا فی الحقیقة لیس نسخاً بل هو من قسم المنسا کما قال تعالی أو ننساها فالمنسا هو الأمر بالقتال إلی أن یقوی المسلمون،

ترجمہ۔ جس کا حکم کسی سبب کی وجہ سے دیا گیا تھا مگر بعد میں وہ سبب زائل ہو گیا، جس طرح کہ مسلمانوں کی کمزوری اور قلت کے وقت میں صبر اور درگزر کرنے کا حکم دیا گیا تھا مگر بعد میں جب یہ عذر جاتا رہا تو قتال کو واجب کر کے اس کے اگلے حکم کو منسوخ کر دیا گیا۔ یہ نسخ حقیقت میں نسخ نہیں ہے بلکہ منسا کی ایک قسم سے ہے۔

جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا اَوْ نُنْسِهَا یعنی کہ جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ہم اس حکم کو [illegible] کر دیتے ہیں، لہذا القتال کا حکم اس وقت تک مؤخر رہا جب تک کہ مسلمانوں میں قوت نہیں آئی، کیونکہ کمزوری کی وجہ سے نقصان اور تکلیف کو صبر کے ساتھ برداشت کرنے کا حکم دیا۔ بیانِ مذکور سے اکثر لوگوں کا اعتراض ٹوٹ جاتا ہے کہ اس بارے میں جو آیات نازل ہوئیں وہ آیتِ سیف کے نزول سے منسوخ ہو گئی ہیں بلکہ اصل بات یہ نہیں یہ تو آیت منساء کی قسم سے ہے، جس کے معنی ہی یہی ہیں ہر ایک حکم جو نازل ہوا ہو اس کا پورا کرنا کسی وقت ضرور واجب ہو جاتا ہے۔ امام جلال الدین سیوطی نے تقریر جاری رکھتے ہوئے آخر میں لکھا کہ **بل ینتقل بانتقال تلك العلة الی حکم اخر ولیس بنسخ انما النسخ الازالة للحکم حتی لایجوز امتثاله**[1]

بلکہ وہ حکم اس علت کے منتقل ہوتے ہی کسی دوسرے حکم کی طرف منتقل ہو جاتا ہے، اور یہ ہرگز نسخ نہیں ہے کیونکہ نسخ کے معنی ہیں کہ اس طرح حکم کو زائل کر دینا کہ پھر اس پر عمل کرنا جائز نہ ہو۔

فائدہ۔ ابن الانباری کہتے ہیں کہ ایک جماعت کا خیال ہے کہ وہ خطابات جن سے وقت، یا غایت مقرر کرنے کا پتہ چلتا ہے جیسا کہ سورۃ بقرۃ میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: فاعفوا واصفحوا حتی یاتی الله بامره٥ (تو تم چھوڑو اور درگزر کرو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم لائے) یہ محکم ہے منسوخ نہیں۔ کیونکہ ان خطابات میں مدت رکھی گئی ہے۔ اور جن امور میں مدت کا تعیین ہوتا ہے ان میں نسخ کا دخل نہیں۔

[1]۔ الاتقان فی علوم القرآن جلد ۲ صفحہ ۲۱ نوع نمبر ۴۷

......باعتبارِ نسخ سورتوں کی تقسیم......

وہ سورتیں جن میں ناسخ ومنسوخ نہیں۔

قال بعضهم سور القرآن باعتبا ر الناسخ والمنسوخ اقسام. قسم ليس فيه ناسخ ولامنسوخ ۔

ترجمہ۔بعض علماء کا کہنا ہے کہ ناسخ اور منسوخ کے اعتبار سے قرآن کی سورتیں کئی قسموں پر منقسم ہیں۔ایک قسم وہ ہے اس میں ناسخ ہے نہ منسوخ۔

......وهو ثلاثة واربعون ......

1۔ ایسی تینتالیس سورتیں ہیں۔١. الفاتحة ٢.يس ٣.الحجرات ٤.الرحمن ٥.الحديد ٦.الصف ٧.الجمعة ٨.التحريم ٩.الملك ١٠.الحاقة ١١.نوح ١٢.الجن ١٣.المرسلات ١٤.عم ١٥.النازعات ١٦.الانفطار ١٧.المطففين ١٨. الانشقاق ١٩. البروج ، ٢٠.الفجر ٢١.البلد ٢٢.الشمس ٢٣.الليل ٢٤.الضحى ٢٥.الم نشرح ٢٦.العلق ٢٧.القدر ٢٨.البينة ٢٩.الزلزال ٣٠.العاديات ٣١.القارعة ٣٢.تكاثر ٣٣.الهمزه ٣٤.الفيل ٣٥. القريش ٣٦.الكوثر ٣٧.النصر ٣٨.اللهب ٣٩.اخلاص ٤٠. الفلق ٤١.الناس ٤٢.التين ٤٣.الماعون.

(رسالہ ابن حزم)

2۔وہ سورتیں جن میں ناسخ بھی ہے منسوخ بھی۔

وهو خمس وعشرون یہ کل پچیس سورتیں ہیں۔

١.البقره ٢.آل عمران ٣.النساء ٤. المائده ٥.الانفال ٦. التوبة٧. ابراهيم ٨. مريم ٩.الانبياء ١٠. الحج ١١ النور ١٢ الفرقان ١٣. الشعراء ١٤ الاحزاب ١٥ سبأ ١٦ المؤمن ١٧ الشورى ١٨ الذاريات ١٩ ، الطور ٢٠.الواقعة. ٢١ المجادلة ٢٢.المزمل.٢٣ المدثر ٢٤.التكوير ٢٥.العصر ۔

(رسالہ ابن حزم)

٣۔وہ سورتیں جن میں ناسخ آیات ہیں منسوخ کا وجود نہیں وہ یہ ہیں،١۔ الفتح ٢. الحشر ٣. المنافقون ٤. التغابن ٥. الطلاق ٦. الاعلیٰ۔

4۔وہ سورتیں جن میں صرف منسوخ آیات ہیں۔امام سیوطی نے فرمایا کہ وهو الاربعون الباقية ۔وہ باقی چالیس سورتیں ہیں۔مگر اس مسئلہ میں ایک اعتراض ہے اس کی تفصیل آئے گی۔

......احکام النسخ......

امام مکی نے فرمایا ناسخ کی کئی قسمیں ہیں۔

١۔فرض جس کی فرضیت منسوخ ہوگئی۔اس کے متعلق امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ:۔ولا يجوز العمل بالاول كنسخ حكم للزواني بالحد ۔
اس قسم کے نسخ کے بعد فرض اول یعنی منسوخ پر عمل کرنا ناجائز ہے۔جیسا کہ زنا کاروں کو حد مارنے کے حکم سے ان کے قید کئے جانے کا حکم منسوخ ہوا۔

٢۔وفرض نسخ فرضا و يجوز العمل بالاول كآية المصا هرة ۔

وہ فرض کہ اس نے بھی کسی فرض کو منسوخ کیا ہو لیکن اس طرح کہ باوجود نسخ کے منسوخ پر عمل کر لینا جائز ہے، اس کی مثال آیتِ مصابرۃ ہے۔

۳۔وفرض نسخ ندبًا کا لقتال کان ندبا ثم صار فرضًا ۔

وہ فرض جس نے کسی مندوب حکم کو منسوخ کیا ہو، جیسا کہ جہاد ہے، یہ پہلے مندوب تھا بعد میں فرض ہو گیا ہے۔

۴۔ وندب نسخ فرضا کقیام اللیل نسخ باالقرۃ فی قولہ فاقرو اماتیسر من القرآن

وہ مندوب حکم جو کسی فرض کا ناسخ ہو جیسے نمازِ تہجد۔ جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ قرآن پڑھو جہاں سے تمہیں آسان لگے یہاں سے قیام منسوخ ہو گیا حالانکہ قرأت مستحب ہے اور قیام فرض ہے۔

......اقسام النسخ......

قرآن میں نسخ کی تین قسمیں ہیں۔

ا۔وہ نسخ کہ اس کی تلاوت اور اس کا حکم دونوں معدوم ہو گئے ہوں۔

سوال؛۔ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں۔

:کان فیما انزل عشر رضعات معلومات فنسخن بخمس معلومات. فتوفی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھن مما یقرا فی القرآن ۔

قرآن میں ''رضعات عشر معلومات،، تھا پھر ''خمس معلومات،، سے منسوخ ہو گیا۔ رسول اللہ علیہ السلام کا وصال ہو گیا تو ہم بھی اسے قرآن میں پڑھتے تھے یہ شیخین کی

روایت ہے۔

اس سے ثابت ہوتا ہے کہ خمس معلومات کا لفظ قرآن میں حضور علیہ السلام کی زندگی میں تھا جو بعد کو اڑا دیا گیا یہ قرآن کی واضح تحریف ہے۔

جواب؛۔ حدیث میں فتوفی سے مراد یہ ہے کہ حضور انور علیہ السلام کا وقت قریب آ گیا تھا یا یہ کہ تلاوت بھی منسوخ ہو گئی تھی اور جماعتِ صحابہ کو نبی پاک علیہ السلام کی وفات کے بعد ہی معلوم ہوا، کیونکہ آپ کی وفات کے بعد صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اس آیت کو پڑھتے تھے اور حضرت موسیٰ اشعری فرماتے ہیں کہ یہ آیت نازل ہوئی پھر اٹھالی گئی۔۔ابن الابندی کی نے کہا اس مثال میں ناسخ اور منسوخ دونوں غیر متلو ہیں اور اس کی اور کوئی مثال مجھے معلوم نہیں ہوئی۔[1]

فائدہ؛ یہاں فقیر ایک جامع تقریر لکھ دے، تا کہ نسخ کے اس قسم سے مخالف فائدہ اٹھا کر دھوکہ نہ دے سکے۔ یاد رہے کہ اگرچہ علمائے کرام نے اس منسوخ کے بیان میں بہت سی آیتیں بتائی ہیں جیسے ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ نے اس پر بالاستیعاب بحث فرمائی ہے، امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ بہت سی آیات کو منسوخ میں شمار کرنے والوں نے اس قسم کی آیات پیش کی ہیں، ان آیات کی دراصل کئی قسمیں ہیں، ہاں البتہ ایک قسم ایسی ہے کہ نہ تو وہ نسخ میں شمار کرنے کے لائق ہے اور نہ تخصیص میں، اور نہ ان دونوں باتوں میں سے کسی ایک سے تعلق ہے جیسے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے علیہ السلام اور ہماری دی ہوئی روزی میں سے ہماری راہ میں خرچ کریں۔ یا ایسی دیگر آیات کے بارے میں علماء نے بیان کیا ہے، کہ انفاق کے احکام زکوۃ کی آیات سے منسوخ ہو گئے ہیں، حقیقت یہ ہے کہ ایسا ہرگز نہیں [2] اور یہ حکم اپنے حال پر ہے، اور پہلی آیتِ انفاق اہلِ ایمان کی ثناء کے وقت آئی ہے،

[1]۔الاتقان جلد دوم النوع ۴۷ [2]۔ولیس کذالک بل ھو باق الخ الاتقان جلد دوم صفحہ ۲۲۔النوع ۴۷

اوراس میں یہ صلاحیت ہے کہ اس کی تفسیر زکوۃ دینے، ضرورت مندوں میں مال خرچ کرنے، مساکین کی امداد کرنے اور دعوت جیسے نیک کاموں میں خرچ کی جائے،

اور آیتِ زکوۃ میں زکوۃ کے علاوہ اور کوئی بات نہیں، جو اس بات پر دال ہو کہ وہ لازم اور ضروری ہے۔ اور دوسری آیت کو بھی زکوۃ پر محمول کیا جاسکتا ہے اور اس کی تفسیر میں بھی اس کی وضاحت ہے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

اَلَیْسَ اللّٰہُ بِاَحْکَمِ الْحٰکِمِیْنَ کیا اللہ سب حاکموں سے بڑھ کر حاکم نہیں۔

مندرجہ بالا آیت کے متعلق بھی یہی کہا گیا ہے کہ یہ آیتِ سیف کی ناسخ ہے اور وہ منسوخ۔ لہٰذا لا یقبل هذا الکلام النسخ وان کان معناه الامر بالتفویض وترک معاقبة لا نه تعالیٰ احکم الحکمین۔

دراصل یہ بات بھی ٹھیک نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ ازل سے ابد تک ہر وقت احکم الحاکمین ہے۔ یہ کلام کبھی قابلِ نسخ نہیں ہے اگرچہ اس کے معانی تفویض کا حکم دینے اور سزا دہی کو ترک کر دینے پر دلالت کرتے ہیں۔

ایسے ہی اس کا فرمانا علیہ السلام اور لوگوں سے اچھی بات کہو۔ اس طرح سورۃ بقرہ کی مندرجہ بالا آیت کو بعض علماء نے آیتِ سیف سے منسوخ مانا ہے۔

فائدہ: آیت سیف یہ ہے۔

فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ

علیہ السلام [1]

[1] سورۃ توبہ آیت ۵

پھر جب حرمت والے مہینے نکل جائیں تو مشرکین کو قتل کرو جہاں پاؤ اور انہیں پکڑو اور قید کرو اور ہر جگہ ان کی تاک میں بیٹھو پھر اگر وہ توبہ کریں اور نماز قائم رکھیں اور زکوۃ دیں تو ان کی راہ چھوڑ دو۔ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

فائدہ: اس قاعدہ کو ابن حصار نے غلط ثابت کیا ہے اور فرمایا ہے کہ یہ آیت ان عہد کا بیان ہے جو اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل سے لیے تھے اور یہ جملہ خبریہ ہونے کی وجہ سے نسخ نہیں ہوگی۔ اس ضمن کی دیگر آیات کو بھی اسی پر قیاس کرلو۔ اور آیات کی ایک قسم مخصوص کی قسم سے ہے، منسوخ نہیں۔ ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ نے ایسی آیات میں تحقیقی کلام کیا ہے اس کی مثال ایک یہ آیت ہے۔

اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ۙ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا [1] بے شک آدمی ضرور نقصان میں ہے مگر جو لوگ ایمان لائے۔

علیہ السلام [2] شاعروں کی پیروی گمراہ کرتے ہیں۔

فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا حَتّٰی یَاْتِیَ اللّٰہُ بِاَمْرِہٖ [3] تو تم چھوڑو اور درگزر کرو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم لائے۔

فائدہ: اس کے علاوہ آیات بھی کسی استثناء وغایت کے ساتھ مخصوص ہیں اور جس نے ان آیات کو منسوخ میں داخل کیا ہے سخت غلطی میں ہے من جملہ ان کے آ علیہ السلام بھی ہے۔

انتباہ: یہ ایک خاص اشارہ ہے جس کی توضیح آئے گی اور اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کو مندرجہ ذیل آیت کے ذریعہ سے منسوخ بتایا گیا ہے۔

وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتٰبَ مِنْ قَبْلِکُمْ اور پارسا عورتیں ان میں

[1] سورۃ العصر نمبر ۲،۳۔ [2] سورہ شعرا آیت ۲۲۴۔ [3] سورۃ البقرہ

سے جن کو تم سے پہلے کتاب ملی۔
مگر حقیقت یہ ہے کہ یہ آیت بھی مخصوص ہے نہ کہ منسوخ۔

قاعدہ: ایک قسم ایسی آیات کی ہے جن سے زمانہ جاہلیت یا ہماری شریعت سے اگلی شریعتوں یا آغازِ اسلام کے وہ احکام دکھائے گئے ہیں جن کا نزول قرآن میں نہیں ہوا تھا۔ مثلاً باپ کی بیویوں سے نکاح کرنے کو باطل قرار دینا، قصاص اور دیت (خون بہا) کی مشروعیت، اور طلاق کا تین میں انحصار۔ گو اس طرح کی آیتوں کا نسخ کے تحت میں نہ لانا زیادہ بہتر ہے اور اسی آخری بات کو مکی رحمۃ اللہ علیہ نے ترجیح دی ہے[1] ان لوگوں کے نزدیک ایسی آیات کے نسخ نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ اگر ان کو نسخ شمار کیا گیا، تو لازم آئے گا کہ تمام قرآن کو نسخ مانیں کیونکہ قرآن میں بڑا حصہ ان امور کا رافع ہے جن پر کفار یا اہلِ کتاب عامل تھے[2]۔ حضرت مکی وغیرہ کا قول ہے کہ ناسخ اور منسوخ کا حق یہ ہے کہ ایک آیت نے دوسری آیت کا نسخ کیا ہو، البتہ اس قسم کی نوع ثانی نسخ میں سے ہے۔ اور وہ ہے آغازِ اسلام میں زیرِ عمل باتوں کو رافع کرنے والی آیات۔ پہلی دو قسموں کے مقابلے میں اس کو نسخ میں داخل کرنا زیادہ بہتر ہے[3]۔

اور جب یہ بات معلوم ہوگئی، تو اگر ہم یہ کہیں کہ صلح اور عفو کی آیتوں کو آیتِ سیف نے منسوخ نہیں کیا ہے، اس صورت میں ان تمام آیات کی بڑی تعداد مع

[1]۔ ولکن عدم ادخاله اقرب وهو الذی رجحه مکی وغیرہ الخ الاتقان جلد دوم صفحہ ۲۳

[2]۔ وجهوه بان ذلک الوعد فی الناسخ لعد جمیع القرآن منه اذا کله او اکثره رافع لما کان علیه الکفار واهل الکتاب الخ الاتقان جلد دوم صفحہ ۲۳۔

[3]۔ وانما حق الناسخ والمنسوخ ان تکون اية نسخت آية. نعم النوع الآخر منه وهو رافع ماکان فی اول الاسلام ادخاله اوجه من القسمین قبله الخ (الاتقان جلد دوم صفحہ ۲۲)

آیات صلح وعفو کے بھی نسخ سے خارج ہو جاتی ہیں، جن کو کثرت سے منسوخ آیتیں پیش کرنے والوں نے بیان کیا ہے، اور بہت تھوڑی آیات ایسی باقی رہتی ہیں جن میں ناسخ اور منسوخ ہونے کی صلاحیت موجود ہو۔ اور میں نے (حضرت جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ) ان آیات کو مع ان کی دلیلوں کے ایک مستقل اور مناسب تالیف میں بھی جمع کیا ہے۔

فائدہ۔ یاد رہے کہ یہ وہ قصیدہ نخبیہ ہے جس کی شرح فقیر نے شرح قصیدہ نخبیہ کے نام سے لکھی ہے۔ الحمد للہ۔

قاعدہ: آیاتِ منسوخہ زیادہ تر مکیہ ہیں اور مدنیہ اکثر ناسخہ ہیں۔ ورنہ کم از کم یہ ضرور ہے کہ آیاتِ مجملہ مکیہ ہیں اور ان کی تفصیلی آیات مدنیہ ہیں۔

نوٹ: ۔ مخالفین کے اکثر دلائل آیاتِ مکیہ میں ہیں اور اہلِ سنت کے اکثر دلائل آیاتِ مدنیہ میں ہیں۔ مختصر تحقیق فقیر نے (احسن البیان جلد اول میں لکھ دی ہے)

لطیفہ: ۔ مخالفین اولیاء کرام اور حضور نبی اکرم کے لیے علیہ السلام، نامزد اشیاء کو وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ میں داخل کر کے حرمت کا فتویٰ لگاتے ہیں۔ حالانکہ یہ آیت منسوخ ہے۔

اور اس کی ناسخ سنت (حدیث) ہے۔ لیکن کیسے منسوخ ہے؟! اس کی تشریح رسالہ ابن حزم میں ہے۔

(اس کی تفصیل وہاں دیکھئے اجمال ہم نے بیان کر دیا ہے)

﴿......عجوبہ اور انکشاف......﴾

مخالفین حضور سرورِ عالم علیہ السلام کی لاعلمی ثابت کرنے میں منسوخہ آیات

یا کم از کم آیات مجملہ کا سہارا لیتے ہیں۔ چنانچہ براہینِ قاطعہ میں حضور علیہ السلام کی لاعلمی میں آیت وَمَآ اَدْرِیْ مَا یُفْعَلُ بِیْ وَلَا بِکُمْ پیش کردی ہے۔ حالانکہ یہ آیت بالاتفاق منسوخ ہے۔ [1]

......نسخ کی دوسری قسم......

۲۔ تلاوت منسوخ ہوگئی لیکن اس کا حکم باقی رکھا گیا ہے جیسے آیتِ رجم اس کی تلاوت منسوخ ہوگئی لیکن حکم باقی ہے۔

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

وان كنا لنقرا فيها آية الرجم . قلت ما آية الرجم؟ فقال اذا زنا الشيخ والشيخة فار جموها البته نكالا من الله والله عزيز حكيم۔ [2]

ہم اس سورت میں (جس کی بہت آیات منسوخ ہوچکی ہیں) یہ آیت تلاوت کرتے تھے، راوی نے عرض کی وہ آیت رجم کیا ہے؟ فرمایا۔ اذا زنا الشيخ والشيخة فار جموها البته نكالا من الله والله عزيز حكيم ۔ بوڑھا بوڑھی جب زنا کریں تو انہیں سنگسار کرو بطور عبرت، یہ اللہ کا قانون ہے اور اللہ تعالیٰ غالب حکمت والا ہے۔

فائدہ، صاحب برہان نے فرمایا کہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ اگر یہ اندیشہ نہ ہوتا کہ لوگ کہیں کہ عمر رضی اللہ عنہ اپنی طرف سے کتاب اللہ میں زیادتی کرتا ہے تو میں آیتِ رجم قرآن مجید میں لکھ دیتا، یہ بھی منقول ہے کہ فاروق اعظم رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے اے لوگو! آگاہ رہو کہ آیتِ رجم انہی آیات میں

[1] (رسالہ ابن حزم، الجمل حاشیہ جلالین صفحہ ۴۱۶، تفسیر احمدی، حاشیہ تفسیر جلالین صفحہ ۴۱۶)

[2] الاتقان فی علوم القرآن جلد ۲ نوع ۴۷

سے ایک آیت تھی جو کتاب اللہ میں اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کریم علیہ السلام پر نازل کی۔

ہم نے اسے پڑھا اور اس کی تلاوت کی اور اس پر عمل بھی کرتے ہیں، اب ایسا ہرگز نہ ہو کہ کوئی شخص اسے کتاب اللہ (قرآن) میں نہ لکھا ہوا دیکھ کر رجم کے شرعی حکم ہونے کا انکار کردے۔ جیسے دورِ حاضر میں منکرینِ حدیث ودیگر بعض نادانوں نے حکمِ رجم کا انکار کردیا ہے۔ اس کی تفصیل فقیر کے رسالہ" آیتِ رجم اور ہم" یعنی "تفسیر آیتِ رجم" میں دیکھئے۔

......نسخ کی تیسری قسم......

۳۔ حکم منسوخ ہوجائے لیکن تلاوت باقی رہے۔

یہ تیسری قسم قرآن مجید میں بکثرت ہے اور اس پر ائمہ نے تصانیف لکھیں چند تصانیف اسی تصنیف میں ہم نے لکھ دی ہیں۔

امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اس قسم نمبر ۳ کی اکیس مثالیں بیان کی ہیں۔

(الاتقان جلد دوم)

نوٹ:۔ امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کی بیان کردہ اکیس آیات کی تفصیل۔ فقیر ان کی اتقان کے علاوہ رسالہ ابن حزم ودیگر تصانیفِ ناسخ ومنسوخ سے ایک نقشہ عرض کرتا ہے صرف فرق اتنا ہے کہ ابن حزم نے آیات السیف سے کل منسوخہ آیات کو شمار میں لکھا ہے اور فقیر نے تطویل سمجھ کر شمار میں بعض آیات نہیں لکھیں بلکہ اس کے لئے قاعدہ لکھ دیا ہے جو سمجھدار کے لیے کافی ہے۔

یا کم از کم آیات مجملہ کا سہارا لیتے ہیں۔ چنانچہ براہین قاطعہ میں حضور علیہ السلام کی لاعلمی میں آیت وَمَآ اَدْرِیْ مَایُفْعَلُ بِیْ وَلَا بِکُمْ پیش کردی ہے۔ حالانکہ یہ آیت بالاتفاق منسوخ ہے۔ [1]

نسخ کی دوسری قسم......

۲۔ تلاوت منسوخ ہوگئی لیکن اس کا حکم باقی رکھا گیا ہے جیسے آیتِ رجم اس کی تلاوت منسوخ ہوگئی لیکن حکم باقی ہے۔

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

وان کنا لنقرا فیھا آیۃ الرجم. قلت ما آیۃ الرجم؟ قال اذا زنا الشیخ والشیخۃ فارجموھا البتۃ نکالا من اللہ واللہ عزیز حکیم۔ [2]

ہم اس سورت میں (جس کی بہت آیات منسوخ ہو چکی ہیں) یہ آیت تلاوت کرتے تھے، راوی نے عرض کی وہ آیت رجم کیا ہے؟ فرمایا۔ اذا زنا الشیخ والشیخۃ فارجموھا البتۃ نکالا من اللہ واللہ عزیز حکیم ۔ بوڑھا بوڑھی جب زنا کریں تو انہیں سنگسار کرو بطور عبرت، یہ اللہ کا قانون ہے اور اللہ تعالیٰ غالب حکمت والا ہے۔

فائدہ، صاحب برہان نے فرمایا کہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ اگر یہ اندیشہ نہ ہوتا کہ لوگ کہیں کہ عمر رضی اللہ عنہ اپنی طرف سے کتاب اللہ میں زیادتی کرتا ہے تو میں آیتِ رجم قرآن مجید میں لکھ دیتا، یہ بھی منقول ہے کہ فاروق اعظم رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے اے لوگو آگاہ رہو کہ آیتِ رجم انہی آیات میں

[1] (رسالہ ابن حزم، الجمل حاشیہ جلالین صفحہ ۴۱۶، تفسیر احمدی، حاشیہ تفسیر جلالین صفحہ ۴۱۶)

[2] الاتقان فی علوم القرآن جلد ۲ نوع ۴۷

سے ایک آیت تھی جو کتاب اللہ میں اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کریم علیہ السلام پر نازل کی۔

ہم نے اسے پڑھا اور اس کی تلاوت کی اور اس پر عمل بھی کرتے ہیں، اب ایسا ہرگز نہ ہو کہ کوئی شخص اسے کتاب اللہ (قرآن) میں نہ لکھا ہوا دیکھ کر رجم کے شرعی حکم ہونے کا انکار کردے۔ جیسے دورِ حاضر میں منکرینِ حدیث ودیگر بعض نادانوں نے حکمِ رجم کا انکار کردیا ہے اس کی تفصیل فقیر کے رسالہ "آیتِ رجم اور ہم" یعنی "تفسیر آیتِ رجم" میں دیکھئے۔

نسخ کی تیسری قسم......

۳۔ حکم منسوخ ہو جائے لیکن تلاوت باقی رہے۔

یہ تیسری قسم قرآن مجید میں بکثرت ہے اور اس پر ائمہ نے تصانیف لکھیں چند تصانیف اسی تصنیف میں ہم نے لکھ دی ہیں۔

امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اس قسم نمبر ۳ کی اکیس مثالیں بیان کی ہیں۔

(الاتقان جلد دوم)

نوٹ:۔ امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کی بیان کردہ اکیس آیات کی تفصیل۔ فقیر ان کی اتقان کے علاوہ رسالہ ابن حزم ودیگر تصانیفِ ناسخ ومنسوخ سے ایک نقشہ عرض کرتا ہے صرف فرق اتنا ہے کہ ابن حزم نے آیات السیف سے کل منسوخہ آیات کو شمار میں لکھا ہے اور فقیر نے تطویل سمجھ کر شمار میں بعض آیات نہیں لکھیں بلکہ اس کے لئے قاعدہ لکھ دیا ہے جو سمجھدار کے لیے کافی ہے۔

☆......نقشہ آیات منسوخہ وناسخہ......☆

......سورۃ الفاتحہ......

اس میں ناسخ ہے نہ منسوخ۔ سورۃ کی تمام آیات محکم ہیں۔ یہ قاعدہ ذہن سے نہ بھولئے کہ بسا اوقات مفسرین آیت کے عام کو خاص یا مطلق کو مقید وغیرہ کرنے کو نسخ سے تعبیر کرتے ہیں، اس سے ان کی حقیقی نسخ مراد نہیں ہوتی بلکہ اس خاص وضع مثلاً عموم سے خصوص کو مجازاً نسخ کہہ دیتے ہیں۔

......سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ......

نمبر شمار	آیات منسوخہ	آیات ناسخہ
۱	اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِیْنَ هَادُوْا سورہ بقرہ آیت ۶۲	وَمَنْ یَّبْتَغِ غَیْرَ الْاِسْلَامِ دِیْنًا سورہ آل عمران آیت ۸۵
۲	وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا سورہ بقرہ آیت نمبر ۸۳	فَاقْتُلُوا الْمُشْرِکِیْنَ حَیْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ سورہ توبہ آیت ۵
۳	فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا حَتّٰی یَاْتِیَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ سورہ بقرہ آیت ۱۰۹	قَاتِلُوا الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْیَوْمِ الْاٰخِرِ توبہ آیت ۵
۴	وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ سورہ بقرہ آیت ۵۹	وَحَیْثُ مَا کُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَکُمْ شَطْرَهٗ بقرہ آیت ۱۴۴
۵	اِنَّ الَّذِیْنَ یَکْتُمُوْنَ مَاۤ اَنْزَلْنَا سورہ بقرہ آیت ۱۵۹	اِلَّا الَّذِیْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَبَیَّنُوْا سورہ بقرہ آیت ۱۰۶
۶	اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَیْکُمُ الْمَیْتَةَ وَالدَّمَ سورہ بقرہ آیت ۱۷۳	حدیث اُحِلَّتْ لَنَا بَعْضُ الْمَیْتَةِ وَمَانِ السَّمَکُ وَالْجَرَادُ
۷	کُتِبَ عَلَیْکُمُ الْقِصَاصُ فِی الْقَتْلٰی سورہ بقرہ آیت ۱۷۸	وَکَتَبْنَا عَلَیْهِمْ فِیْهَاۤ اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ سورہ مائدہ آیت ۴۵

نمبر شمار	آیات منسوخہ	آیات ناسخہ
۸	كُتِبَ عَلَيْكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ سورہ بقرہ ۱۸۰	يُوصِيكُمُ اللَّهُ فِي أَوْلَادِكُمْ سورہ نساء آیت ۱۱
۹	يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ سورہ بقرہ ۱۸۳	أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلَىٰ نِسَائِكُمْ سورہ بقرہ ۱۸۷
۱۰	وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ سورہ بقرہ ۱۸۳	فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ سورہ بقرہ ۱۸۵
۱۱	وَقَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَكُمْ سورہ بقرہ ۱۹۰	فَمَنِ اعْتَدَىٰ عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدَىٰ عَلَيْكُمْ سورہ بقرہ ۱۹۱
۱۲	وَلَا تُقَاتِلُوهُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ سورہ بقرہ ۱۹۱	فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِينَ توبہ آیت ۵
۱۳	يَسْأَلُونَكَ مَاذَا يُنْفِقُونَ سورہ بقرہ ۲۱۹	إِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِينِ سورہ توبہ آیت ۶۰
۱۴	يَسْأَلُونَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيهِ سورہ بقرہ آیت ۲۱	فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِينَ حَيْثُ وَجَدْتُمُوهُمْ سورہ توبہ آیت ۵
۱۵	وَالْمُطَلَّقَاتُ يَتَرَبَّصْنَ سورہ بقرہ آیت ۲۲۸	وَبُعُولَتُهُنَّ أَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ

نمبر شمار	آیات منسوخہ	آیات ناسخہ
۱۶	وَالَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُونَ أَزْوَاجًا وَصِيَّةً لِأَزْوَاجِهِمْ سورہ بقرہ آیت ۲۴۰	وَالَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُونَ أَزْوَاجًا يَتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا سورہ بقرہ آیت ۲۳۴
۱۷	سورہ بقرہ آیت ۲۳۴	سورہ بقرہ آیت ۲۴۰
۱۸	يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْخَمْرِ بقرہ آیت ۲۱۹	يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ سورہ مائدہ آیت ۵۹
۱۹	لَا إِكْرَاهَ فِي الدِّينِ بقرہ ۲۵۶	فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِينَ حَيْثُ وَجَدْتُمُوهُمْ
۲۰	وَأَشْهِدُوا إِذَا تَبَايَعْتُمْ سورہ بقرہ آیت ۲۸۲	فَإِنْ أَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا سورہ بقرہ آیت ۲۸۳
۲۱	وَإِنْ تُبْدُوا مَا فِي أَنْفُسِكُمْ سورہ بقرہ آیت ۲۸۴	لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا سورہ بقرہ آیت ۲۸۶

سورۂ آل عمران

نمبر شمار	آیات منسوخہ	آیات ناسخہ
۱	يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ حَقَّ سورہ آل عمران آیت ۱۰۲	وَجَاهِدُوا فِي اللَّهِ حَقَّ جِهَادِهِ سورہ حج آیت ۷۸

سورہ النساء

نمبر شمار	آیات منسوخہ	آیات ناسخہ

نمبر شمار	آیات منسوخہ	آیات ناسخہ
۱	وَ اِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ اُولُوا الْقُرْبٰی سورۃ النساء آیت ۸	یُوْصِیْكُمُ اللّٰهُ فِیْۤ اَوْلَادِكُمْ سورۃ النساء آیت ۱۱
۲	وَالّٰتِیْ یَاْتِیْنَ الْفَاحِشَةَ سورۃ النساء آیت ۱۵	اَلزَّانِیَةُ وَالزَّانِیْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا سورہ نور آیت ۲
۳	وَالَّذٰنِ یَاْتِیٰنِهَا مِنْكُمْ سورۃ النساء آیت ۱٦	
۴	یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْۤا اَمْوَالَكُمْ بَیْنَكُمْ سورہ نساء ۲۹	
۵	وَالَّذِیْنَ عَقَدَتْ اَیْمَانُكُمْ فَاٰتُوْهُمْ نَصِیْبَهُمْ سورہ نساء آیت ۳۳	وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰی بِبَعْضٍ سورہ انفال آیت ۷۵
٦	فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ نساء آیت ۸۱	آیت قتال
۷	وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْۤا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ سورہ نساء آیت ٦۴	اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سورہ توبہ آیت ۸۰
۸	وَمَنْ تَوَلّٰی فَمَاۤ اَرْسَلْنٰكَ عَلَیْهِمْ حَفِیْظًا سورہ نساء ۸۰	آیہ قتال
۹	لَا تُكَلَّفُ اِلَّا نَفْسَكَ وَحَرِّضِ	

نمبر شمار	آیات منسوخہ	آیات ناسخہ
	الْمُؤْمِنِیْنَ سورہ نساء آیت ۸۴	آیہ قتال
۱۰	فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ	آیہ قتال ودیگر آیات قتال
۱۱	اِلَّا الَّذِیْنَ یَصِلُوْنَ اِلٰی قَوْمٍ بَیْنَكُمْ سورہ نساء آیت ۹۰	آیہ قتال ودیگر آیات قتال
۱۲	وَمَنْ یَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ سورہ نساء آیت ۹۳	اِنَّ اللّٰهَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَكَ بِهٖ وَیَغْفِرُ مَا دُوْنَ سورہ نساء آیت ۱۱٦

......سورہ مائدہ......

نمبر شمار	آیات منسوخہ	آیات ناسخہ
۱	یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا سورہ مائدہ آیت ۲	آیت قتال سورہ توبہ آیت ۵ ودیگر آیات قتال
۲	فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ مائدہ ۱۳	
۳	فَاِنْ جَآءُوْكَ فَاحْكُمْ بَیْنَهُمْ اَوْ اَعْرِضْ مائدہ آیت ۴۲	وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَیْنَهُمْ سورہ مائدہ آیت ۴۲
۴	مَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ سورہ مائدہ آیت ۹۹	آیت قتال
۵	یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا عَلَیْكُمْ اَنْفُسَكُمْ سورہ مائدہ آیت ۱۰۵	كُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّةٍ سورہ آل عمران آیت ۱۱۰

نمبر شمار	آیات منسوخہ	آیات ناسخہ
٦	يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ سورہ مائدہ آیت ١٠٦	وَأَشْهِدُوا ذَوَيْ عَدْلٍ مِّنكُمْ سورہ طلاق آیت ٢
٧	فَإِنْ عُثِرَ عَلَىٰ أَنَّهُمَا اسْتَحَقَّا سورہ مائدہ آیت ١٠٧	وَلَا يُضَارَّ كَاتِبٌ سورہ بقرہ آیت ٢٨٢

......سورہ انعام......

نمبر شمار	آیات منسوخہ	آیات ناسخہ
١	قُلْ إِنِّي أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ سورہ انعام آیت ١٥	إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِينًا سورہ فتح آیت ١
٢	قُلْ لَّسْتُ عَلَيْكُم بِوَكِيلٍ سورہ انعام آیت ٦٦	آیت قتال سورہ توبہ آیت ٥ ودیگر آیات قتال
٣	وَذَرِ الَّذِينَ اتَّخَذُوا دِينَهُمْ لَعِبًا وَلَهْوًا سورہ انعام آیت ٧٠	
٤	ثُمَّ ذَرْهُمْ فِي خَوْضِهِمْ يَلْعَبُونَ سورہ انعام آیت ٩١	
٥	فَمَنْ أَبْصَرَ فَلِنَفْسِهِ سورہ انعام آیت ١٠٤	
٦	وَلَا تَسُبُّوا الَّذِينَ يَدْعُونَ	

نمبر شمار	آیات منسوخہ	آیات ناسخہ
٧	وَأَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِينَ سورہ انعام آیت ١٠٦	آیت قتال
٨	وَمَا جَعَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ حَفِيظًا سورہ انعام آیت ١٠٧	آیت قتال
٩	وَنَذَرُهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ سورہ انعام آیت ١١٠	آیت قتال
١٠	قُلْ يَا قَوْمِ اعْمَلُوا انعام ١٣٥	آیت قتال
١١	قُلِ انتَظِرُوا إِنَّا مُنتَظِرُونَ سورہ انعام آیت ١٣٥	آیت قتال
١٢	إِنَّ الَّذِينَ فَرَّقُوا دِينَهُمْ سورہ انعام آیت ١٥٩	قَاتِلُوا الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ
١٣	وَإِذَا رَأَيْتَ الَّذِينَ يَخُوضُونَ سورہ انعام آیت ٦٨	وَمَا عَلَى الَّذِينَ يَتَّقُونَ مِنْ حِسَابِهِمْ سورہ انعام آیت ٦٩

......سورہ اعراف......

نمبر شمار	آیات منسوخہ	آیات ناسخہ
١	خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ سورہ اعراف ١٩٩	وَآتُوا الزَّكَاةَ آیت قتال

......سورہ انفال......

نمبر شمار	آیات منسوخہ	آیات ناسخہ
۱	يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ	وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ
	سورہ انفال آیت ۱	سورہ انفال آیت ۴۱
۲	وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ	وَمَا لَهُمْ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ
	سورہ انفال آیت ۳۳	سورہ انفال آیت ۳۴
۳	قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّنْتَهُوْا	وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ
	سورہ انفال آیت ۳۸	سورہ انفال آیت ۳۹
۴	وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ	قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ
	سورہ انفال آیت ۶۱	سورہ توبہ آیت ۲۹
۵	اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ	اَلْئٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ
	سورہ انفال آیت ۶۵	سورہ انفال ۷۵
۶	وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يُهَاجِرُوْا	وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ
	سورہ انفال آیت ۷۲	سورہ انفال آیت ۷۵

......سورہ التوبہ......

نمبر شمار	آیات منسوخہ	آیات ناسخہ
۱	بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ	فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ آیت قتال
	سورہ توبہ آیت ۱	سورہ توبہ آیت ۵

نمبر شمار	آیات منسوخہ	آیات ناسخہ
۲	وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ	وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ
	سورہ توبہ آیت ۳۴	
۳	اِلَّا تَنْفِرُوْا يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا	وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا كَآفَّةً
	سورہ توبہ آیت ۳۹	سورہ توبہ آیت ۱۲۲
۴	عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ	فَاِذَا اسْتَاْذَنُوْكَ لِبَعْضِ شَاْنِهِمْ
	سورہ توبہ آیت ۴۳	سورہ نور آیت ۶۲
۵	اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ	سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ
	سورہ توبہ آیت ۸۰	سورہ منافقون آیت ۶
۶	اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا	وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ
	دو آیتیں سورہ توبہ آیت ۹۷، ۹۸	سورہ توبہ آیت ۹۹

......سورہ یونس......

نمبر شمار	آیات منسوخہ	آیات ناسخہ
۱	اِنِّيْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ	لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ
	سورہ یونس آیت ۱۵	ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ سورہ فتح آیت ۲
۲	فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ	فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ
	سورہ یونس آیت ۱۰۲	
۳	فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ لِّيْ عَمَلِيْ	سورہ توبہ آیت ۵

نمبر شمار	آیات منسوخہ	آیات ناسخہ
۴	وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا سورہ یونس آیت ۱۰۸	سورہ توبہ آیت ۵
۵	وَاصْبِرْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ سورہ یونس آیت ۱۰۹	سورہ توبہ آیت ۵

......سورہ ہود......

نمبر شمار	آیات منسوخہ	آیات ناسخہ
۱	مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا سورہ ہود آیت ۱۵	مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ سورہ بنی اسرائیل آیت ۱۸
۲	وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ اعْمَلُوْا سورہ ہود آیت ۱۲۱	فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ سورہ توبہ آیت ۵
۳	وَانْتَظِرُوْا اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ سورہ ہود آیت ۱۲۲	سورہ توبہ آیت ۵

......سورہ یوسف......

اس سورت میں نہ کوئی آیت ناسخ ہے اور نہ منسوخ۔

......سورہ رعد......

نمبر شمار	آیات منسوخہ	آیات ناسخہ

نمبر شمار	آیات منسوخہ	آیات ناسخہ
۱	فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ رعد آیت ۴۰	فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ توبہ آیت ۵
